HORSE BREEDS



1. BALUCHI

Home Tract

These horses are found in the districts of Dera Ghazi Khan, Muzaffargarh, Multan in the Punjab Province and in some parts of Balochistan and Sindh.

Characteristics

Baluchi Horses are medium sized with smart and compact body, having various body colours i.e. Grey, Chestnut and bay. Fine, slightly heavy head, pointed long erected ears, touching to each other (specially in thrill and fear). Long neck, fine legs, strong with well muscular thighs are the main breed points of these horses. Being light footed and active animals they are extensively used for pleasure riding, tent pegging and pulling tongas.

Average Body Measurements

Adult weight		
	Stallion (kg)	500
	Mare (kg)	400
Aadult Height (hands)		14 (56 Inches)

1- بلوچی

آبائی وطن

یہ گھوڑے پنجاب کے اضلاع ڈیرہ غازی خان، مظفر گڑھ اور ملتان کے علاوہ بلوچستان اور سندھ کے کچھ حصوں میں بھی پائے جاتے ہیں۔

خصوصیات :

بلوچی نسل کے گھوڑے درمیانے قد کاٹھ کے ہوتے ہیں۔ ان کا جسم سمارٹ اور گٹھا ہوا ہوتا ہے۔ اس نسل کے گھوڑے نقرہ (Grey) رنگ میں اکثر ملتے ہیں مگر کمیت (Bay) اور سرنگ (Chestnut) رنگوں میں بھی پائے جاتے ہیں۔ سر قدرے بڑا اور بھاری، لمبے نوکیلے کھڑے کان جن کی دونوں لویں (نوکیں) آپس میں مل جاتی ہیں (خاص طور پر جب گھوڑا ڈر رہا ہو یا جوش میں ہو)۔ ٹانگیں پتلی، مضبوط اور عمدہ، ران کے پٹھے بڑے اور مضبوط ہوتے ہیں۔ بلوچی نسل کے گھوڑے بے حد چست اور سبک رفتار ہوتے ہیں۔ اس لئے ان کو گھڑ سواری، نیزہ بازی اور تانگوں میں بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔

اوسط جسم کی پیمائش

اوسط وزن	
گھوڑا (کلوگرام)	500
گھوڑی کلوگرام)	400
اوسط انچائی (ہاتھ)	14 (56 انچ)



2. THOROUGHBRED

Home Tract

Thoroughbred are crossbred between Arab, French and Turkish blood with English Mares, originated in United Kingdom. In Punjab the breeding of these horses is done at Sargodha, Faisalabad, Jhang, Sahiwal, Okara, Kasur and Lahore districts, however, the animals can be seen all over the country.

Characteristics

The medium large sized animals with brown, grey, bay or black body colour having white lustre on face and legs. They have long, active, deep, narrow and up-standing body. The head is comparatively small and straight with medium face and neat small ears. Body musculature is strong, neat and powerful. Fine throttle with long legs, developed with strong bones. Thoroughbred have racy, energetic or nervous temperament. These horses are primarily used for races, riding and tent pegging, however they perform special duties in Army, Police Guard and Bodyguard Squad for President of Pakistan.

Average Body Measurements

Adult Weight

Stallion (kg)	575 to 640
Mare (kg)	450 to 470
Adult Height (hands)	16 to 17 (64 to 68 inches)

2- تھاروبریڈ

وطن

یہ مخلوط نسل عربی، بربری اور ترکی گھوڑوں کو انگلش گھوڑیوں کے ساتھ ملانے کے بعد حاصل کی گئی ہے۔ اس کا ارتقاء برطانیہ میں ہوا۔ اگرچہ ان گھوڑوں کی نسل کشی پنجاب کے اضلاع سرگودھا، فیصل آباد، جھنگ، ساہیوال، اوکاڑہ، قصور اور لاہور میں کی گئی۔ لیکن اس نسل کے اچھے جانور ملک میں تمام جگہ پائے جاتے ہیں۔

خصوصیات :

یہ درمیانے قد کا جانور ہے۔ عام جسمانی رنگ نقرہ (Grey)، کمیت (Bay)، مشکی (Brown) اور سیاہ ہوتا ہے، ٹانگوں اور چہرے پر مختلف مقدار میں سفیدی ہوتی ہے۔ جسم لمبا، چست، گہرا، پتلا اور سیدھا ہوتا ہے۔ سر نسبتاً چھوٹا اور سیدھا، چہرہ درمیانہ، کان چھوٹے، جسم کے پٹھے بڑے مضبوط اور طاقتور، ٹانگیں لمبی اور مضبوط ہڈیوں والی ہوتی ہیں۔ تھاروبریڈ نسل کے گھوڑے طاقتور اور تیز بھاگنے والے ہوتے ہیں لیکن جلد خوف زدہ ہو جاتے ہیں۔ ان گھوڑوں کو شروع میں گھڑ سواری، گھڑ دوڑ اور نیزہ بازی کے لئے استعمال کیا گیا لیکن اب یہ عام طور پر پولیس گارڈ، صدرِ پاکستان کے محافظ دستے اور فوجی ضروریات کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

اوسط جسم کی پیمائش

اوسط وزن

گھوڑا (کلوگرام)	575 سے 640
گھوڑی (کلوگرام)	450 سے 470
اوسط اونچائی (ہاتھ)	16 سے 17 (64-68 انچ)